SECONDARY EXAMINATION, 2018

Model Questiions for

URDU (MT)

FULL MARKS- 100 Time; 3 hours 15 minutes

## GROUP- A

درج ذیل معروضی سوالات کے درست جواب منتخب کریں۔ 50x1=50

(1) ''توبۃ النصوح'' کیا ہے؟

(A) ناول (B) افسانہ (C) ڈرامہ (D) مثنوی

(2) ''گلزار نسیم'' کا تعلق کس صنف سے ہے؟

(A)افسانہ (B)مثنوی (C)مرثیہ (D)داستان

(3)؟افسانہ ''بھابھی جان'' کس کی تخلیق ہے؟

(A)قمر جہاں (B)نگار عظیم (C)سہیل عظیم آبادی (D)جمیل مظہری

(4)''بجلی کا کھمبا'' کس کی نظم ہے؟

(A)عمیق حنفی (B)علی سردار جعفری (C)ندا فاضلی (D)یگانہ چنگیزی

(5) مثنوی ''زہر عشق'' کس شاعر سے منسوب ہے؟

(A)ملا وجہی (B)میر حسن (C)شوق لکھنوی (D)شوق نیموی

(6) ''حسن نعیم'' کی پیدائش کہاں ہوئی؟

(A)بنارس (B)پٹنہ (C)دہلی (D)آگرہ

(7)سرسید احمد خاں کی وفات کب ہوئی تھی؟

(1890A) B(1898) C(1895 ) D(1892)

BiharboardQuestionpaper.com

(8) نظم ''انڈیا گیٹ' کس شاعر کی تخلیق ہے۔

(A) جوش (B) مجاز (C) جگن ناتھ آزاد (D) ظفر گورکھپوری

(9) ان میں سے کس شاعر کا تعلق صوبہ بہار سے ہے۔

(A) حسن نعیم (B) احمد فراز (C) علی سردار جعفری (D) چکبست

(10) 'بارش ہوئی تو۔۔۔۔۔۔۔کے تن چاک ہوگئے۔ مصرعے کو مناسب لفظ سے مکمل کریں۔

(A) کانٹوں (B) پھولوں (C) لڑکوں (D) لوگوں

(11) عرفان صدیقی کس حیثیت سے مشہور ہیں۔

(A) مرثیہ گو (B) قصیدہ گو (C) غزل گو (D) داستان گو

(12) کسی کی موت پر جو نظم کہی جاتی ہے اسے کیا کہتے ہیں۔

(A) غزل (B) مثنوی (C) مرثیہ (D) قصیدہ

(13) نظم 'عارف کی موت پر' کا تعلق کس صنف سے ہے۔

(A) مثنوی (B) مرثیہ (C) قصیدہ (D) قطعہ

(14) ''کٹی ہوئی شاخ'' کس کی تخلیق ہے۔

(A) نگار عظیم (B) جیلانی بانو (C) قمر جہاں (D) سید محمد محسن

(15) 'دولت درد کو۔۔۔۔۔سے چھپا رکھا ہے'۔ درست لفظ سے مصرعہ مکمل کیجئے۔

(A) انساں (B) دنیا (C) دشمن (D) قاتل

(16) ''کھڑاؤنز'' کس کی لکھی ہوئی نظم ہے؟

(A) دلاور فگار (B) اکبرالہ آبادی (C) سید محمد جعفری (D) رضا نقوی واہی

(17) عبدالغفور شہباز نے کس کے نام خط لکھا؟

(A) بیٹی اکبری کے نام (B) بیٹی صغریٰ کے نام (C) دوست کے نام (D) چچا کے نام

(18) درج ذیل میں کون سی نظم 'چکبست' کی ہے؟

(A) مناظر فطرت (B) ہم نوجواں ہیں (C) جمنا کی لہریں (D) بجلی کا کھمبا

(19) ''تثلیث حیات'' کس کا شعری مجموعہ ہے؟

(A) ندا فاضلی (B) یگانہ چنگیزی (C) پرویز شاہدی (D) میرا جی

BiharboardQuestionpaper.com

(20) مرزا غالب کا انتقال کہاں ہوا؟

(A) پانی پت (B) آگرہ (C) دہلی (D) کلکتہ

(21) 'علم' کی جمع کیا ہوگی؟

(A) علام (B) علوم (C) عالم (D) معلم

(22) درج ذیل میں کون سا لفظ مذکر ہے؟

(A) چاند (B) افواہ (C) بندوق (D) اذان

(23) ان میں سے کون سا لفظ مونث ہے؟

(A) بازار (B) سورج (C) زمین (D) ستارہ

(24) حال کی جمع کیا ہوگی؟

(A) حالات (B) احوال (C) حالتوں (D) حالاتوں

(25) 'فہمیدہ' نصوح کی کون تھی؟

(A) ماں (B) بیٹی (C) بیوی (D) خالہ

(26) 'میں نے مراسلہ کو مکالمہ بنا دیا ہے'۔ یہ کس نے کہا؟

(A) میر (B) غالب (C) مومن (D) ذوق

(27) راجندر سنگھ بیدی کہاں پیدا ہوئے تھے؟

(A) دہلی (B) پانی پت (C) لاہور (D) کراچی

(28) شاعر نے جس انڈیا گیٹ کا ذکر کیا ہے، وہ کہاں ہے؟

(A) ممبئی (B) دہلی (C) مدراس (D) کلکتہ

(29) 'نظم بہت آسان تھی پہلے' کس کی تخلیق ہے؟

(A) سید محمد جعفری (B) ندا فاضلی (C) اختر الایمان (D) جاں نثار اختر

(30) 'غالب' شاعری میں پہلے پہل کیا تخلص کرتے تھے؟

(A) سرمد (B) عبرت (C) اسد (D) الفت

(31) شاعری میں دیا شنکر نسیم کس کے شاگرد تھے؟

(A) غالب (B) آتش (C) ذوق (D) حالی

BiharboardQuestionpaper.com

(32) 'جذبۂ عشق' کس کی مثنوی ہے؟

(A) شوق لکھنوی (B) غلام ہمدانی مصحفی (C) غالب (D) نسیم

(33) مبارک عظیم آبادی کے منتخب کلام کا مجموعہ کس نام سے شایع ہوا؟

(A) جلوۂ داغ (B) جلوۂ راز (C) جلوۂ حسن (D) جلوۂ عشق

(34) ''سراپا'' کس صنف شاعری کا حصہ ہے؟

(A) مرثیہ (B) مثنوی (C) قصیدہ (D) رباعی

(35) اپنا الو سیدھا کرنا، کا مطلب کیا ہوتا ہے؟

(A) مطلب نکالنا (B) فائدہ پہنچانا (C) الو پکڑنا (D) رنجیدہ ہونا

(36) دوہا، میں کتنے مصرعے ہوتے ہیں؟

(A) دو (B) ایک (C) تین (D) پانچ

(37) پروفیسر لطف الرحمان کس یونیورسٹی سے وابستہ تھے؟

(A) رانچی یونیورسٹی (B) پٹنہ یونیورسٹی (C) بھاگلپور یونیورسٹی (D) مگدھ یونیورسٹی

(38) بھیم راؤ امبیدکر کب پیدا ہوئے تھے؟

(A) 1891 B(1892) (C) 1893 D(1894)

(39) شامل نصاب مضمون 'ادب کی پہچان' کس کی تصنیف ہے؟

(A) حالی پانی پتی (B) غلام سرور (C) عبدالمغنی (D) مولانا آزاد

(40) خدا کی تعریف میں جو نظم کہی جاتی ہے اسے کیا کہتے ہیں؟

(A) نعت (B) حمد (C) قصیدہ (D) رباعی

(41) سہیل عظیم آبادی کا اصل نام کیا تھا؟

(A) مجیب الرحمٰن (B) حبیب الرحمٰن (C) لطف الرحمٰن (D) خطیب الرحمٰن

(42) غزل کا پہلا شعر جس میں دونوں مصرعے ہم قافیہ ہوتے ہیں۔ کیا کہلاتا ہے؟

(A) مقطع (B) مطلع (C) حسن مطلع (D) زیب مطلع

(43) درج ذیل میں اسم مصغر کون ہے؟

(A) بازار (B) باغیچہ (C) پہاڑ (D) باغ

BiharboardQuestionpaper.com

(44) درج ذیل میں اسم معرفہ کون ہے؟

(A) گنگا (B) ندی (C) پہاڑ (D) آدمی

(45) 'رقیہ بھابھی' کس افسانے کا کردار ہے؟

(A) آشیانہ (B) فرار (C) بھابھی جان (D) کٹی ہوئی شاخ

(46) 'مرزا اسداللہ خاں غالب' میں غالب کیا ہے؟

(A) لقب (B) عرف (C) تخلص (D) خطاب

(47) 'فرار' کس کا افسانہ ہے؟

(A) قمر جہاں (B) محمد محسن (C) نگار عظیم (D) بیدی

(48) نگار عظیم کا اصل نام کیا ہے؟

(A) ملکہ فردوس (B) ملکہ زرنگار (C) ملکہ مہر نگار (D) ملکہ حسن آرا

(49) 'گلوبل وارمنگ' کیسا مسئلہ ہے؟

(A) مناسب (B) خوشگوار (C) سنگین (D) معتدل

(50) آریہ بھٹ نے اپنا تجربہ گاہ کہاں قائم کیا تھا؟

(A) گیا (B) تریگنا (C) پٹنہ (D) کھگول

## GROUP - B

سوال نمبر 1۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون (۲۵۰ سے ۳۰۰ لفظوں میں) لکھیے۔ 10

(الف) علم کی فضیلت (ب) تندرستی ایک نعمت (ج) تاج محل کی اہمیت

(د) دہشت گردی ایک لعنت (ہ) مہاتما گاندھی

سوال نمبر 2۔ اپنے والد کو ایک خط لکھیے جس میں انہیں اپنے اسکول کی خوبیاں بتائیے۔ 5

یا

Shahid Zafar Ali 12/11/17

BiharboardQuestionpaper.com

اپنے اسکول کے پرنسپل کے نام درخواست لکھئے جس میں ان سے بھائی کی شادی میں شرکت کے لئے ایک ہفتے کی چھٹی کی گذارش کیجیے۔

سوال نمبر 3۔ درج ذیل سوالوں میں سے صرف دس کے مختصر جواب دیجیے۔ 2x10=20

(i) ڈپٹی نذیر احمد کے کسی دو ناول کے نام بتائیے۔

(ii) 'خالی صندوق' کس زبان کا افسانہ ہے؟ اور اسے کس نے لکھا ہے؟

(iii) حمد اور نعت میں بنیادی طور پر کیا فرق ہے؟

(iv) سہیل عظیم آبادی کے دو افسانوی مجموعوں کے نام بتائیے؟

(v) قمر جہاں کا کون سا افسانہ آپ کے نصاب میں شامل ہے؟

(vi) صنف افسانہ کی کوئی دو خصوصیات بتائیے؟

(vii) گلوبل وارمنگ کیا ہے؟

(viii) سرسید نے انگلستان سے واپس آ کر کون سا رسالہ جاری کیا تھا؟

(ix) ڈاکٹر عبدالمغنی کہاں پیدا ہوئے تھے؟

(x) ڈاکٹر امبیڈکر کب پیدا ہوئے تھے؟

(xi) آغا حشر کا تعلق کس صنف ادب سے تھا؟

(xii) غالب کے خطوط کے کسی ایک مجموعہ کا نام لکھئے؟

(xiii) عبدالغفور شہباز کی دو کتابوں کے نام بتائیے؟

(xiv) شامل نصاب انٹرویو میں کس نے کس کا انٹرویو لیا ہے؟

(xv) اردو کی کسی دو مشہور مثنویوں کے نام لکھئے؟

سوال نمبر 4۔ درج ذیل سوالوں کے جواب دیجیے۔ 3x5=15

(i) نظم ''بجلی کا کھمبا'' یا ''مناظر فطرت'' کا خلاصہ لکھئے؟

یا

نظم ''انسان'' یا 'بارش کی ایک صبح'' کا مرکزی خیال واضح کیجیے۔

BiharboardQuestionpaper.com

(ii) سہیل عظیم آبادی یا پروفیسر لطف الرحمٰن کا تعارف پیش کیجئے؟

یا

ناول ''توبۃ النصوح'' کے کردار فہمیدہ پر روشنی ڈالیے؟

(iii) درج ذیل میں سے کسی پانچ الفاظ کی ضد بتایئے؟

نشیب۔آسمان۔امیر۔خاص۔حقیقی۔گناہ۔حق۔قریب۔جدید۔عیب

یا

درج ذیل محاوروں میں سے پانچ کو جملوں میں استعمال کیجئے

بال بال بچنا۔لال پیلا ہونا۔آنکھوں کا تارہونا۔ہاتھ پاؤں مارنا۔پانی بھرنا۔پانی پانی ہونا۔آنکھ چرانا۔
انگلی اٹھانا۔نو دو گیارہ ہونا۔پاپڑ بیلنا۔

---

Shahid Zafar Azm 12/11/17

BiharboardQuestionpaper.com

BiharboardQuestionpaper.com

SET-1

SECONDARY EXAMINATION, 2018

Meomorandum (Answers) for

Model Questions fo URDU (MT)

FULL MARKS- 100

نوٹ۔ تفصیلی جوابات اور خلاصہ وغیرہ بطور نمونہ دیے گئے ہیں۔طالب علم اگر اپنی زبان میں مختلف طریقے سے بھی جواب دے تو ممتحن اسے پڑھ کر تحریر کے مطابق نمبر دیں گے۔

BiharboardQuestionpaper.com

GROUP- A

درج ذیل معروضی سوالات کے درست جواب منتخب کریں۔ 50x1=50

(1) ''توبۃ النصوح'' کیا ہے؟

(A) ناول

(2) ''گلزار نسیم'' کا تعلق کس صنف سے ہے؟

(B) مثنوی

(3) افسانہ ''بھابھی جان'' کس کی تخلیق ہے؟

(C) سہیل عظیم آبادی

(4) ''بجلی کا کھمبا'' کس کی نظم ہے؟

(C) ندا فاضلی

(5) مثنوی ''زہر عشق'' کس شاعر سے منسوب ہے؟

(C) شوق لکھنوی

(6) ''حسن نعیم'' کی پیدائش کہاں ہوئی؟

(B) پٹنہ

Shah Zafar ... 17/11/17

BiharboardQuestionpaper.com

(7) سرسید احمد خاں کی وفات کب ہوئی تھی؟

B(1898)

(8) نظم ''انڈیا گیٹ'' کس شاعر کی تخلیق ہے۔

(C) جگن ناتھ آزاد

(9) ان میں سے کس شاعر کا تعلق صوبہ بہار سے ہے۔

(A) حسن نعیم

(10) 'بارش ہوئی تو۔۔۔۔۔۔ کے تن چاک ہو گئے'۔ مصرعے کو مناسب لفظ سے مکمل کریں۔

(B) پھولوں

(11) عرفان صدیقی کس حیثیت سے مشہور ہیں۔

(C) غزل گو

(12) کسی کی موت پر جو نظم کہی جاتی ہے اسے کیا کہتے ہیں۔

(C) مرثیہ

(13) نظم 'عارف کی موت پر' کا تعلق کس صنف سے ہے۔

(B) مرثیہ

(14) ''کٹی ہوئی شاخ'' کس کی تخلیق ہے۔

(C) قمر جہاں

(15) ' دولت درد کو۔۔۔۔۔۔ سے چھپا رکھا ہے'۔ درست لفظ سے مصرعہ مکمل کیجئے۔

(B) دنیا

(16) ''کھڑاڈنز'' کس کی لکھی ہوئی نظم ہے؟

(C) سید محمد جعفری

(17) عبدالغفور شہباز نے کس کے نام خط لکھا؟

(B) بیٹی صغریٰ کے نام

(18) درج ذیل میں کون سی نظم 'چکبست' کی ہے؟

(A) مناظر فطرت

Shams Zafar Az
17/11/17

BiharboardQuestionpaper.com

(19) ''تثلیث حیات'' کس کا شعری مجموعہ ہے؟

(C) پرویز شاہدی

(20) مرزا غالب کا انتقال کہاں ہوا؟

(C) دہلی

(21) 'علم' کی جمع کیا ہوگی؟

(B) علوم

(22) درج ذیل میں کون سا لفظ مذکر ہے؟

(A) چاند

(23) ان میں سے کون سا لفظ مونث ہے؟

(C) زمین

(24) حال کی جمع کیا ہوگی؟

(B) احوال

(25) 'فہمیدہ' نصوح کی کون ہے؟

(C) بیوی

(26) 'میں نے مراسلہ کو مکالمہ بنا دیا ہے' یہ کس نے کہا؟

(B) غالب

(27) راجندر سنگھ بیدی کہاں پیدا ہوئے تھے؟

(C) لاہور

(28) شاعر نے جس انڈیا گیٹ کا ذکر کیا ہے، وہ کہاں ہے؟

(B) دہلی

(29) 'نظم بہت آسان تھی پہلے' کس کی تخلیق ہے؟

(B) ندا فاضلی

(30) 'غالب' شاعری میں پہلے پہل کیا تخلص کرتے تھے؟

(C) اسد

Shahid Zafar 13/11/19

BiharboardQuestionpaper.com

(31) شاعری میں دیا شنکر نسیم کس کے شاگرد تھے؟

(B) آتش

(32) 'جذبۂ عشق' کس کی مثنوی ہے؟

(B) غلام ہمدانی مصحفی

(33) مبارک عظیم آبادی کے منتخب کلام کا مجموعہ کس نام سے شایع ہوا؟

(A) جلوۂ داغ

(34) ''سراپا'' کس صنف شاعری کا حصہ ہے؟

(A) مرثیہ

(35) اپنا الو سیدھا کرنا، کا مطلب کیا ہوتا ہے؟

(A) مطلب نکالنا

(36) دوہا، میں کتنے مصرعے ہوتے ہیں؟

(A) دو

(37) پروفیسر لطف الرحمان کس یونیورسٹی سے وابستہ تھے؟

(C) بھاگلپور یونیورسٹی

(38) بھیم راؤ امبیدکر کب پیدا ہوئے تھے؟

(A) 1891

बिहार बोर्ड के नए और पुराने ऑफिसियल क्वेश्चन पेपर, मॉडल पेपर, आंसर-की, पाठ्यक्रम, नोट्स, मॉक टेस्ट, सेंट-अप और प्रैक्टिकल परीक्षा प्रश्न पत्र आदि के लिए...

BiharboardQuestionpaper.com

अभी विजिट करें ..

(39) شامل نصاب مضمون 'ادب کی پہچان' کس کی تصنیف

(C) عبدالمغنی

(40) خدا کی تعریف میں جو نظم کہی جاتی ہے اسے کیا کہتے

(B) حمد

(41) سہیل عظیم آبادی کا اصل نام کیا تھا؟

(A) مجیب الرحمٰن

(42) غزل کا پہلا شعر جس میں دونوں مصرعے ہم قافیہ ہوتے ہیں۔کیا کہلاتا ہے؟

(B) مطلع

BiharboardQuestionpaper.com

(43) درج ذیل میں اسم مصغر کون ہے؟

(B) باغیچہ

(44) درج ذیل میں اسم معرفہ کون ہے؟

(A) گنگا

(45) 'رقیہ بھابھی' کس افسانے کا کردار ہے؟

(C) بھابھی جان

(46) 'مرزا اسداللہ خاں غالبؔ' میں غالب کیا ہے؟

(C) تخلص

(47) 'فرار' کس کا افسانہ ہے؟

(B) محمد محسن

(48) نگار عظیم کا اصل نام کیا ہے؟

(C) ملکہ مہر نگار

(49) 'گلوبل وارمنگ' کیسا مسئلہ ہے؟

(C) سنگین

(50) آریہ بھٹ نے اپنا تجربہ گاہ کہاں قائم کیا تھا؟

(B) تریگنا

## GROUP - B

سوال نمبر 1۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون (۲۵۰ سے ۳۰۰ لفظوں میں) لکھئے۔ 10

(الف) علم کی فضیلت (ب) تندرستی ایک نعمت (ج) تاج محل کی اہمیت

(د) دہشت گردی ایک لعنت (ہ) مہاتما گاندھی

BiharboardQuestionpaper.com

جواب۔ کسی ایک مضمون پر کل دس نمبر دیے جائیں گے۔

| | | |
|---|---|---|
| مضمون کی تمہید پر | 02 | نمبر |
| موضوع کی پیش کش پر | 04 | نمبر |
| املا، زبان اور قواعد پر | 04 | نمبر |

نمونہ کے طور پر ایک مضمون پیش کیا جارہا ہے۔

## مہاتما گاندھی

بابائے قوم موہن داس کرم چند گاندھی بیسویں صدی کی اس عظیم شخصیت کا نام ہے جن کی قیادت میں ہندوستان کو غلامی سے نجات حاصل ہوئی۔ ان کی زندگی اور ان کا فلسفہ ہندوستان کی تاریخ آزادی کا ایک سنہرا باب ہے۔ ان کے کارناموں کی وجہ سے ہی مہاکوی رابندرناتھ ٹیگور نے انہیں ''مہاتما'' کے خطاب سے نوازا تھا۔

گاندھی جی کی پیدائش ۲/اکتوبر ۱۸۶۹ کو گجرات کے پوربندر ضلع کاٹھیاوار میں ہوئی۔ ابتدائی تعلیم کے بعد وہ انگلستان چلے گئے جہاں سے ۱۸۹۱ میں انہوں نے بیرسٹری کا امتحان پاس کیا۔ دو برسوں بعد یعنی ۱۸۹۳ میں ایک ہندوستانی قانونی مشیر کی حیثیت سے وہ جنوبی افریقہ چلے گئے جہاں تقریباً ۲۰ برسوں تک ان کا قیام رہا۔ ۱۹۱۵ء میں واپس آنے پر اپنے تدبر اور دوراندیشی سے ہندوستانی سیاست پر چھا گئے اور کانگریس پارٹی کے سب سے اہم رہنما بن گئے۔ انہوں نے اپنے منفرد انداز سے تحریک آزادی کو ایک نیا موڑ دیا اور ستیہ گرہ، عدم تشدد، برت، ڈانڈی مارچ، تحریک عدم تعاون، خلافت تحریک میں کی قیادت اور متحدہ قومیت کے نظریہ کے ساتھ کچھ اس طریقے سے آزادی کی لڑائی کو آگے بڑھایا کہ برٹش حکومت دیکھ کر حیران و ششدر رہ گئی۔ نتیجتاً اس نے پھوٹ ڈالو اور حکومت کرو کی پالیسی اختیار کی۔ اس سے تحریک آزادی میں کچھ خلل ضرور پڑا لیکن گاندھی جی چونکہ دوراندیش تھے لہٰذا انہوں نے ہر قیمت پر آپسی اتحاد کو برقرار رکھنے کی کوشش کی اور ہندوستان کی آزادی کے لئے قومی یکجہتی کو لازمی قرار دیا۔ اسی درمیان انہوں نے چھوا چھوت، ذات پات اور امیر و غریب کی زندگی میں مساوات لانے کی بھرپور کوشش کی اور واضح طور پر کہا کہ ''ہم سب کو ایک ہی مصور نے ایک ہی برش سے بنایا ہے۔ ہم سب ایک ہی انسانی خاندان کے فرد ہیں، اس لئے ہمیں آپس میں بھید نہیں کرنا چاہیے۔ چھوا چھوت کے خلاف ۱۹۳۳ء میں اور ہندو مسلم فساد کے خلاف ۱۹۴۴ء میں انہوں نے ۲۱-۲۱ دنوں کی بھوک ہڑتال تک کی۔ انگریز حکومت نے ہندوستانی عوام کو طرح طرح کے مسائل میں الجھائے رکھا لیکن جب اس نے دیکھا کہ اب ہندوستان کے لوگ اپنی آزادی کے لئے مر مٹنے کو تیار ہو چکے ہیں تو مذہب کی بنیاد پر تفرقہ ڈالا، پھر زبان کا مسئلہ کھڑا کیا، ان تمام مسائل پر چونکہ گاندھی جی کا نقطۂ نظر بالکل صاف اور واضح تھا۔ اس

BiharboardQuestionpaper.com

لئے ان کے آگے انگریزوں کی ایک نہ چلی اور بالآخر ۱۵/اگست ۱۹۴۷ءکو ہندوستان کو آزادی نصیب ہوئی مگر انگریزوں کی سازش اور سیاسی مفاد پرستی نے ایک ملک کے دو ٹکڑے کرادئے اور اس طرح ہمارا ملک دو حصوں میں تقسیم ہو گیا جس کیلئے گاندھی جی قطعی راضی نہیں تھے۔ گاندھی جی پر ابھی اس تقسیم کا صدمہ برقرار ہی تھا کہ ۳۰/جنوری ۱۹۴۸ءکو انسانیت کے اس عظیم پجاری کو ناتھورام گوڈسے نے اپنی گولیوں کا نشانہ بنادیا اور وہ ”ہے رام“ کہتے ہوئے ہم سب سے جدا ہو گئے۔

گاندھی جی کی زندگی اور ان کے کارنامے فلاح و بہبود انسانیت کے لئے چراغ راہ تھے۔ وہ صرف کسی اصول یا نظریہ کے قائل نہیں تھے بلکہ اس پر عمل کرنے کو زندگی کا دھرم سمجھتے تھے۔ اسی لئے وہ ہمیشہ کہتے تھے کہ جب تک حاشیے پر کھڑے سماج کی زندگی میں انقلاب نہیں آئے گا، اس وقت تک ہندوستان صحیح معنی میں ’آزاد ہندوستان‘ نہیں کہلا سکتا۔

سوال نمبر 2۔ اپنے والد کو ایک خط لکھئے جس میں انہیں اپنے اسکول کی خوبیاں بتائیے۔ 5

یا

اپنے اسکول کے پرنسپل کے نام درخواست لکھئے جس میں ان سے بھائی کی شادی میں شرکت کے لئے ایک ہفتے کی چھٹی کی گذارش کیجیے۔

جواب۔۔ والد کے نام خط یا اسکول پرنسپل کے نام درخواست پر کل 5 نمبر دیے جائیں گے۔ 5x1=5

خط کی ہیئت (فارمیٹ) پر 01 نمبر

خط کے مضمون پر۔ 02 نمبر

خط کی زبان پر۔ 01 نمبر

قواعد اور املا پر۔ 01 نمبر

سوال نمبر 3۔ طالب علم اپنی معلومات کے مطابق جواب دے سکتا ہے۔ 2x10=20

(i) جواب۔ مراۃ العروس۔توبۃ النصوح

(ii) جواب۔ خالی صندوق، ایک آسامی کہانی ہے، جسے آسامی افسانہ نگار اندرا گوسوامی نے لکھا ہے

(iii) حمد میں خدا کی تعریف ہوتی ہے اور نعت میں محبوب خدا حضور محمد ﷺ کی تعریف بیان کی جاتی ہے۔

(iv) چار چہرے۔ الاؤ

(v) کٹی ہوئی شاخ

BiharboardQuestionpaper.com

(vi) اختصار۔کہانی پن۔وحدت تاثر۔پلاٹ۔کردار وغیرہ

(vii) زمین کے درجۂ حرارت میں ہونے والے اضافہ کو گلوبل وارمنگ کہتے ہیں۔

(viii) تہذیب الاخلاق

(ix) اورنگ آباد

(x) 1891

(xi) ڈرامہ

(xii) عود ہندی۔اردوئے معلی

(xiii) خیالات شہباز۔تفریح القلوب۔باقیات شہباز۔خدا کی رحمت۔قانون قسمت وغیرہ

(xiv) عصمت چغتائی نے راجندر سنگھ بیدی سے انٹرویو لیا۔

(xv) مثنوی سحر البیان۔مثنوی گلزار نسیم

سوال نمبر 4۔درج ذیل سوالوں کے جواب دیجیے۔ 3x5=15

(i) نظم ''بجلی کا کھمبا'' یا ''مناظر فطرت'' کا خلاصہ لکھئے؟

یا

نظم ''انسان'' یا 'بارش کی ایک صبح'' کا مرکزی خیال واضح کیجئے۔

جواب۔(یہ صرف ایک نمونہ ہے۔نظم کا خلاصہ طالب علم اپنی زبان اور اپنی سمجھ کے مطابق لکھ سکتا ہے۔کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھنے پر پانچ نمبر دیے جائیں گے۔

درست خلاصہ پر۔۔۔03 نمبر

زبان اور املا پر۔۔۔ .02 نمبر

## بجلی کا کھمبا

'بجلی کا کھمبا' مشہور شاعر ندا فاضلی کی ایک آزاد نظم ہے۔ندا فاضلی جدید شعرا میں ایک اہم نظم نگار کی حیثیت سے جانے جاتے ہیں جنہوں نے پابند نظمیں بھی لکھیں اور آزاد و معریٰ نظمیں بھی۔بجلی کا کھمبا آزاد اور مختصر نظم ہے جس میں شاعر نے سائنسی ایجادات پر روشنی ڈالتے ہوئے اس حقیقت کی نقاب کشائی کی ہے کہ سائنسی ایجادات و ترقیوں کے نتیجے میں معاشرے میں جو خرابیاں آئی ہیں ان میں بداخلاقی بھی ہے۔ان خامیوں کے تعلق سے شاعر نے بداخلاقی اور افراتفری کی طرف اشاروں میں لوگوں کو متوجہ کیا ہے۔مجموعی طور پر یہ

BiharboardQuestionpaper.com

ایک اخلاقی نظم ہے۔

## مناظر فطرت

مناظر فطرت پنڈت برج نرائن چکبست کی نظم ہے جس خوبصورت منظر نگاری کی گئی ہے۔اس نظم میں چکبست نے اپنے ملک ہندستان کے فطری مناظر کی خوبصورتی بتائی ہے اور ہندستان کی عظمت کے گیت بھی گائے ہیں۔اس نظم کا ایک خاص پس منظر بھی ہے۔شاعر نے ایک بار دہرہ دون کا سفر کیا تھا جو قدیم زمانے سے ہی خوبصورت پہاڑیوں سے گھرا ہو علاقہ شمار کیا جاتا ہے۔شاعر نے ان پہاڑیوں کے حسن کو جیسا دیکھا اور محسوس کیا اسے ہی اپنی نظم میں بیان کیا ہے۔

## ''انسان'' کا خلاصہ

انسان، ایک تیلگو شاعر شیشندر شرما کی نظم ہے جس میں انہوں نے انسان اور انسانیت کے تعلق سے استعاروں اور علامتوں کی مدد سے فکر انگیز اور درد انگیز خیالات کا اظہار کیا ہے۔شاعر کہتا ہے انسان جو ایک بلند مرتبہ پر فائز کیا گیا تھا اس کی سب سے بڑی قوت اور صفت انسانیت ہے۔جب انسانیت کو زوال ہوا تو دکھ کے سورج نے عروج حاصل کیا۔انسانیت نے اپنی موت سے سمجھوتہ کرلیا ہے وہ شیطان سے اب کیوں ڈرے۔اس کے لئے تو اب سب کچھ ایک کھیل ہے۔تاریخ کے کاندھوں پر انسانیت کی لاش ہے، اب ایک ہی امید ہے کہ کاش وہ دن آئے جب امید کی صبح نمودار ہو اور عفریتی ظلمت کا خاتمہ ہوجائے۔شاعر نے اس دنیا سے انسانیت کے خاتمے کا نوحہ لکھا ہے مگر نمود صبح کی امید بھی دلائی ہے۔

## ''بارش کی ایک صبح'' کا خلاصہ

بارش کی ایک صبح، اڑیا زبان کی نظم ہے جسے اڑیا کے مشہور شاعر سیتا کانت مہا پاترا نے تخلیق کیا ہے۔اس نظم میں شاعر نے برسات کے موسم کا ذکر کرتے ہوئے زندگی کے ساتھ اس کا رشتہ قائم کیا ہے۔غریب انسان کے گاؤں میں بارش جب زیادہ ہوتی ہے تو اس کا حسن بھی خوفناک ہوجاتا ہے۔صبح تنہا دوشیزہ کی طرح لرز جاتی ہے اور گاؤں کے در دریچے اس طرح ویران ہو جاتے ہیں جیسے یہاں کوئی نہ رہتا ہو۔برسات کی لذت اسی طرح فانی ہوتی ہے جیسے بچے کے لئے گرمی کی چھٹی۔برکھارت میں اپنے معشوق اور گھر سے دور جو لوگ چھٹی کا انتظار کر رہے ہیں ان کے لئے بھی برکھارت موت ہی ہے۔گویا شاعر کہتا ہے برسات بہت خوبصورت ہے مگر کچھ لوگوں کے لئے یہ موت کی طرح تکلیف دہ بھی، خواہ گاؤں کے غریب جھونپڑے ہوں یا جدائی میں جینے والی دوشیزہ۔یہ بہت خوبصورت اور تہ دار نظم ہے جس میں معنی کی کئی جہتیں پوشیدہ ہیں۔

(ii) سہیل عظیم آبادی یا پروفیسر لطف الرحمٰن کا تعارف پیش کیجئے؟

BiharboardQuestionpaper.com

یا

ناول ''توبۃ النصوح'' کے کردار فہمیدہ پر روشنی ڈالیے؟

جواب۔ **لطف الرحمٰن**

لطف الرحمٰن کی پیدائش چھپرہ کے ایک قصبہ میں ۱۹۴۱ء میں ہوئی تھی۔ انہوں نے بھاگلپور یونیورسٹی میں پروفیسر کی حیثیت سے ملازمت کی۔ لطف الرحمٰن کو سیاست سے بھی دلچسپی تھی۔ چنانچہ وہ قانون ساز اسمبلی سے منتخب ہوئے اور کابینہ درجہ کے وزیر بھی رہے۔ آپ نے شاعری بھی کی اور تنقیدی مضامین بھی لکھے۔ جدیدیت کی جمالیات ان کی مشہور کتاب ہے۔ طالب علم کسی ایک پر اپنے الفاظ میں بھی جواب لکھ سکتا ہے)

**سہیل عظیم آبادی**

سہیل عظیم آبادی کا اصل نام سید مجیب الرحمٰن ہے۔ شاعری میں سہیل تخلص رکھا تھا اس لیے سہیل عظیم آبادی کے نام سے مشہور ہوئے۔ ان کی پیدائش عظیم آباد میں ۱۹۱۱ء میں ہوئی تھی۔ انہوں نے آل انڈیا ریڈیو میں ملازمت کی اور صحافت سے بھی وابستہ رہے۔ انہوں نے پوری زندگی اردو کی ترویج و اشاعت میں گزاری۔ وہ بڑے افسانہ نگار بھی تھے۔ ان کے تین افسانوی مجموعے اور ایک ناولٹ 'بے جڑ کے پودے' شایع ہوئے۔ چار چہرے اور الاؤ ان کی مشہور تخلیقات ہیں۔ (طالب علم اپنے الفاظ میں کچھ الگ طرح سے بھی جواب لکھ سکتا ہے)

**فہمیدہ**

فہمیدہ ڈپٹی نذیر احمد کے ناول 'توبۃ النصوح' کی ایک اہم کردار ہے۔ وہ ناول کے مرکزی کردار نصوح کی بیوی اور حمیدہ کلیم، سلیم وغیرہ کی ماں ہے۔ وہ نصوح کے ساتھ مل کر بچوں کی تربیت اور اصلاح کی کوشش کرتی ہے۔ اس کردار کا بنیادی مقصد نصوح کے ساتھ مل کر بچوں کے عبوری دور میں ان کا ذہنی اصلاح کرنا ہے۔ بالخصوص دینی تعلیم سے متعلق بچوں کے ذہن کو بیدار کرتی ہے۔ وہ مشفق اور محبت کرنے والی ماں ہے تو شوہر کو اس کے مقصد اور فرائض کی تکمیل میں ہر طرح سے تعاون دینے والی بیوی بھی۔ فہمیدہ ایک مشرقی بیوی کی عمدہ مثال ہے۔

Shahid Zafar Az
12/11/17

BiharboardQuestionpaper.com

(iii) درج ذیل میں سے کسی پانچ الفاظ کی ضد بتائیے؟

बिहार बोर्ड के नए और पुराने ऑफिसियल क्वेश्चन पेपर, मॉडल पेपर, आंसर-की, पाठ्यक्रम, नोट्स, मॉक टेस्ट, सेंट-अप और प्रैक्टिकल परीक्षा प्रश्न पत्र आदि के लिए...

BiharboardQuestionpaper.com

अभी विजिट करें ..

نشیب۔فراز

آسمان۔زمین

امیر۔غریب

خاص۔عام

حقیقی۔مجازی

گناہ۔ثواب

حق۔باطل

قریب۔بعید

جدید۔قدیم

عیب۔ہنر

یا

درج ذیل محاوروں میں سے پانچ کو جملوں میں استعمال کیجئے

بال بال بچنا۔ وہ آج سڑک حادثے میں بال بال بچ گیا۔

لال پیلا ہونا۔ راجیش غصے میں لال پیلا ہو رہا تھا۔

آنکھوں کا تارہ ہونا۔ وہ اپنے باپ کی آنکھوں کا تارا ہے۔

ہاتھ پاؤں مارنا۔ اس نے بہت ہاتھ پاؤں مارے مگر کامیابی حاصل نہ کر سکا۔

پانی بھرنا۔ زاہد میرے دوست کے سامنے پانی بھرتا ہے۔

پانی پانی ہونا۔ اس کا جھوٹ پکڑا گیا تو وہ سب کے سامنے پانی پانی ہو گیا۔

آنکھ چرانا۔ رمیش آج کل حامد سے آنکھیں چرانے لگا ہے۔

انگلی اٹھانا۔ تم میرے کام پر ہرگز انگلی نہیں اٹھا سکتے۔

نو دو گیارہ ہونا۔ وہ میرا سارا سامان لے کر نو دو گیارہ ہو گیا۔

پاپڑ بیلنا۔ میں گریجویٹ ہونے کو باوجود ابھی تک پاپڑ بیل رہا ہوں۔

------------------

BiharboardQuestionpaper.com